بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَاۤ اِنَّ اَوۡلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡهِمۡ وَ لَا هُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ ۚ

سن لو! بیشک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

# بارگاہِ

## حضرت سلطان المشائخ خواجہ سید نظام الدین اولیاءؒ

# سلسلہ شجرۂ طیبہ چشتیہ نظامیہ


پیر خواجہ صوفی سید اجمل نظامی سجادہ نشین

پسر خواجہ افضال نظامی بسلسلۂ چشتیہ نظامیہ خواہر زادہ سید بخاری میکنجدی

درگاہ حضرت خواجہ سید نظام الدین اولیا، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۱۳

فون: ۲۴۳۵۲۰۷۱-۱۱-۰۰۹۱ آفیس

۲۴۳۵۰۵۱۰ گھر

# هدایت پیرومرشد

تم پر لازم ہے کہ ہماری اس ہدایت پر عمل کرو۔ خداتم پر رحمت فرمائے گا نماز دین کا ستون ہے۔ نماز کا ادا کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ خلق خدا سے محبت رکھو، خدا کی بندگی میں خلوص پیدا کرو، یہ دنیا فانی ہے۔ جو کچھ بھی تمہارے پاس ہے خدا کا شکرادا کرو۔ حرص و ہوس گناہ کا خزانہ ہے۔ شیخ کی عظمت دل میں ایک نور پیدا کرتی ہے۔ حرام مال سے بچو، حقوق کے ادا کرنے میں کوتاہی نہ کرو ۔ ذکر اللہ کرتے رہو، بغیر ذکر کے جو سانس نکلتا ہے وہ مردہ ہوتا ہے۔ رات کو سوتے وقت کلمہ اور درود شریف پڑھا کرو۔ نیت، جھوٹ، عیب جوئی دغیرہ سے ہمیشہ دامن بچاؤ۔ شیخ کی نصیحت پر مرید کا عمل کرنا فرض اولین ہے۔ اگر صاحب نصاب ہو تو زکوۃ اور حج میں کوتاہی نہ کرو۔ قرآن کی تلاوت ضرور کیا کرو۔ یہ فرمان رسول ہے۔ شیخ کے بتائے ہوئے وظائف کے علاوہ کسی اور دوسرے کے وظائف پر عمل نہ کرو۔ روزہ کی پابندی اور بیعث کے روزے ۱۳، ۱۴، ۱۵اور شب برات وشب معراج (۲۷ رجب ) ۱۰ محرم کے روزے پابندی سے رکھا کرو۔ شریعت کی اور اسلامی پانچوں ارکان کی پابندی لازمی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# شجرہ طیبہ چشتیہ، نظامیہ، حبیبیہ،

# قادریہ ،سہروردیہ، نقش بندیہ

خدا بحرمت ہر روح انبیاء مددِ

پہ محمد و محمود مصطفیٰؐ مددِ

برائے پنجتنِ پاک چار یار نبیؐ

ہمہ بہ برکتِ ہر روح انبیاء مددِ

حمد ہے بے حد جناب کبریا کے واسطے

تحفہ صلوٰۃ شاہ مصطفیٰؐ کے واسطے

حضرت مولیٰ علی شیر خدا کے واسطے

حضرت خواجہ حسن بصری کے واسطے

حضرت خواجہ عبدالواحد کے واسطے

حضرت خواجہ فضیل ابن عیاض کے واسطے

حضرت خواجہ سلطان ابراہیم بلخی کے واسطے

حضرت خواجہ سدید الدین کے واسطے

حضرت خواجہ امین الدین کے واسطے

حضرت خواجہ ممشاد علوی کے واسطے

حضرت خواجہ ابواسحاق شامی کے واسطے

حضرت خواجہ ابو احمد ابدال کے واسطے

حضرت خواجہ ابو محمد کے واسطے

حضرت خواجہ ناصرالدین کے واسطے

حضرت خواجہ قطب الدین مودود کے واسطے

حضرت حاجی شریف زندنی کے واسطے

حضرت خواجہ عثمان ہارونی پیشوا کے واسطے

حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری کے واسطے

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کا کی کے واسطے

حضرت بابا فرید الدین شکر گنج کے واسطے

حضرت خواجہ سید محمد نظام الدین اولیاء کے واسطے

حضرت شیخ نصیرالدین چراغ دھلوی کے واسطے

حضرت کمال الدین بندہ نواز کے واسطے

حضرت شیخ سراج الدین کے واسطے

حضرت شیخ علم الدین کے واسطے

شیخ محمود راجن کے واسطے

حضرت شیخ جمال الدین جُمن کے واسطے

حضرت شیخ حسن کے واسطے

حضرت شیخ محمد چشتیہ کے واسطے

حضرت شیخ یحی مدنی کے واسطے

حضرت شیخ کلیم اللہ ولی جہاں کے واسطے

حضرت شیخ نظام الدین اور نگاآبادی کے واسطے

حضرت خواجہ فخرالدین فخر جہاں کے واسطے

حضرت شیخ نور محمد مھاروی کے واسطے

حضرت شاہ سلیمان تونسوی کے واسطے

حضرت محمد علی خیر آبادی کے واسطے

حضرت حبیب علی شاہ دکن کے واسطے

حضرت حافظ علی شاہ حبیبی کے واسطے

حضرت حبیب علی ثانی حبیبہ کے واسطے

ہاتھ اٹھا افضال نظامی اب دعا کے واسطے

# شجرۂ طیبہ

## قادریہ، ابوالعلائی جہانگیری حسینی

حمد بیحد ہے جناب کبریا کے واسطے
تحفہ صلوۃ شاہ مصطفٰی کے واسطے
یا میرے اللہ جملہ انبیاء کے واسطے
حاجتیں برلا مری کل اولیاء کیواسطے
پڑھ تحیت اہل بیتؑ اور چار یاروں کی ضرور
پھر ادب سے ہاتھ اٹھا اپنے دعاء کیواسطے

رکھ محبت اور عقیدت پر ہمیں ثابت قدم
پیر خواجہ افضال نظامی باوفا کے واسطے
بندۂ عاجز ہوں یارب کر میری توبہ قبول

حضرت شاہِ حسنؒ حاجت روا کے واسطے

آفتاب دین و ملت شاہ عنایت حسنؒ

ماہتاب صبرو تسلیم و رضا کے واسطے

ہو دعا مقبول میری صدقہ، لا تقنطوا

شہنشاہ محمد نبی رضاؒ کے واسطے

دل کو میرے یا خدا ،دے زندگی و تازگی

شاہ عبدالحیؒ مقبول الدعا کے واسطے

مجھ کو اپنی بارگاہِ احدیت میں کر قبول

مخلص الرحمنؒ جہانگیر ہدی کے واسطے

کر مدد میری خدایا ہر گھڑی ہر حال میں

شاہ امداد علیؒ باصفا کے واسطے

مجھ کو اپنے ذکر و فکر و شغل میں مصروف رکھ

شہ سید مھدیؒ نور الھدی کے واسطے

نور ایماں سے مرے دل کو منور کر خدا

حضرت مظہر حسینؒ حاجت روا کے واسطے

فرحت دل دے مجھے یارب نہ ہوئے فکر غیر

فرحت اللہؒ افتخار الاولیاء کے واسطے

حسن و خوبی سے مرے دلکو خدایا کر حسن

حسن علی شاہ حسنؒ ابرِ سخا کے واسطے

نعمتِ دیں سے مجھے کر یا الھی سرفراز

شاہ منعمؒ پاکباز اتقیاء کے واسطے

رکھ شریعت اور طریقت پر مجھے ثابت قدم

شہ خلیل الدینؒ سید مہ لقا کے واسطے

نفس کی روباہ بازی سے خلاصی دے مجھے
میر سید جعفر شمسؒ الضحی کے واسطے

دور کر میری خودی اور اہلِ دل کر دے مجھے
سید اہل اللہ میرؒ اہل صفا کے واسطے

نظم کر میرا قبول اے بادشاہ دو جہاں
شہ نظام الدینؒ سید اولیاء کے واسطے

شہ تقی الدینؒ کا صدقہ مجھے کر متقی
شہ نصیرالدینؒ سید بے بہا کے واسطے

سید محمودؒ سید میر فضل اللہ شاہؒ
شاہ قطب الدینؒ دُرِّ درجِ فنا کے واسطے

شاہ نجم الدینؒ قلندر سید مبارکؒ
غزنوی

شہ نظام الدینؒ سید ثانیا کے واسطے

غنچۂ دل کو کھلا میرے الٰہ العالمیں

شہ شہاب الدینؒ صاحب پر ضیاء کے واسطے

قادرِ مطلق ہے تو اپنی عنایت مجھ پہ رکھ

قادریہ جیلانؒ قطب الاولیاء کیواسطے

از برائے بوسعیدؒ و بوالحسنؒ یاذوالجلال

رحم کر بویوسفِؒ رحمت نما کے واسطے

مجھکو اپنے عشق میں متوالا کر دے اے خدا

حضرت عبدالعزیز الفتؒ رسا کے واسطے

شہ رحیم الدینؒ دشہ بوبکرؒ و شبلیؒ کے طفیل

فضل کر حضرت جنیدؒ پیشوا کے واسطے

شہ سرقی شقطیؒ و شہ معروفؒ کرخی کا طفیل

شہ امام دین علی موسیٰؑ رضا کے واسطے

موسیٰؑ کاظم کا صدقہ علم و عمل دے

جعفرؑ و باقرؑ شہِ زین العباؑ کے واسطے

راہ میں تیری رہوں ثابت قدم اے بے نیاز

صبر دے مجھکو شہیدِؑ کربلا کے واسطے

معرفت کے نور سے دلکو مرے معمور کر

پیشوائے دین علیؑ مرتضیٰ کے واسطے

یا الٰہی میرے عصیاں مجھکو شرماتے ہیں اب

بخشدے مجھکو محمد مصطفیٰؐ کے واسطے

عشق دے محبوبؒ کا میرے الہ العالمیں

سیدہ معصومہ حضرت فاطمہؑ کے واسطے

اب تو بگڑی کو بنادے اے میرے پروردگار

سیدہ معصوم فاطمہؑ حسنؑ حسینؑ کے واسطے

بندۂ عاجز ہوں یارب کر میری توبہ قبول

بخشدے مجھکو محمد مصطفیٰؐ کے واسطے

# شجرۂ نسب جدی اولاد پنجتن پاک

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ ؕ

۱۔حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۲۔حضرت سیدہ فاطمۃالزہرہ اہلیہ حضرت سیدنا علی مرتضیٰؑ

۳۔حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام

۴۔حضرت سیدنا امام زین العابدین علیہ السلام

۵۔حضرت سیدنا عمر رحمۃاللہ علیہ

۶۔حضرت سیدنا زکریا رحمۃاللہ علیہ

۷۔حضرت سیدنا قطب الدین رحمۃاللہ علیہ

۸۔حضرت سیدنا صدرالدین رحمۃاللہ علیہ

۹۔حضرت سیدنا جلال الدین رحمۃاللہ علیہ

۱۰۔حضرت سیدنا فتح اللہ رحمۃاللہ علیہ

۱۱۔حضرت سیدنا سید محمد رحمۃاللہ علیہ

۱۲۔حضرت سیدنا سید محمود رحمۃاللہ علیہ

۱۳۔حضرت سیدنا سید احمد رحمۃاللہ علیہ

۱۴۔حضرت سیدنا سید معین الدین خطاب منہاج الدینؒ

۱۵۔حضرت سیدنا خواجہ اسحاق رحمۃاللہ علیہ

۱۶۔حضرت سیدنا خواجہ علی رحمۃاللہ علیہ

۱۷۔حضرت سیدنا مولانا بدرالدین اسحاق رحمۃاللہ علیہ

(خلیفہ اور داماد بابا فریدالدین گنج شکر رحمۃاللہ علیہ)

۱۸۔حضرت سیدنا سید محمد امام رحمۃاللہ علیہ

۱۹۔حضرت سیدنا داؤد رحمۃاللہ علیہ

۲۰۔حضرت سیدنا سید علیم الدین رحمۃاللہ علیہ

۲۱۔حضرت سیدنا سید حسین رحمۃاللہ علیہ

۲۲۔حضرت سیدنا سید مبارک رحمۃاللہ علیہ

۲۳۔حضرت سیدنا سید محمد رحمۃاللہ علیہ

۲۴۔حضرت سیدنا سید خواجہ رحمۃاللہ علیہ

۲۵۔حضرت سیدنا سید جلال الدین رحمۃاللہ علیہ

۲۶۔حضرت سیدنا سید ایوب رحمۃاللہ علیہ

۲۷۔حضرت سیدنا سید ابو محمد رحمۃاللہ علیہ

۲۸۔حضرت سیدنا سید عنایت اللہ رحمۃاللہ علیہ

۲۹۔حضرت سیدنا سید عبداللہ رحمۃاللہ علیہ

۳۰۔حضرت سیدنا سید عبدالقادر رحمۃاللہ علیہ (نبیرزادہ)

۳۱۔حضرت سیدنا سید فضل علی نظامی رحمۃاللہ علیہ

۳۲۔حضرت سید عنایت علی رحمۃاللہ علیہ

۳۳۔حضرت سید مردان علی رحمۃاللہ علیہ

۳۴۔حضرت سید مبارک علی رحمۃاللہ علیہ

۳۵۔حضرت سید نور احمد رحمۃاللہ علیہ

۳۶۔حضرت سید فضل احمد رحمۃاللہ علیہ

۳۷۔حضرت خواجہ سید افضال نظامی رحمۃاللہ علیہ

۳۸۔خواجہ صوفی سید اجمل نظامی الحسنی وَالحسینی سجادہ نشین

نوٹ:۔بغیر پیر کی اجازت، کوئی وظیفہ کسی کے بتانے پر نہ پڑھیں۔

## خواجہ سیّد معین الدین چشتی غریب نوازؒ کی رباعی

شاہ است حسینؑ بادشاہ است حسینؑ

دین است حسینؑ دیں پناہ است حسینؑ

سر داد نہ داد دست در دستِ یزید

حقّا کہ بِنائے لاَ اِلٰہ است حسینؑ

# نادِعلیؑ

نَادِ عَلِيّاً مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْناً لَكَ فِي النَّوَائِبِ

كُلُّ هَمٍّ وَ غَمٍّ سَيَنْجَلِي

بِعَظَمَتِكَ يَااللّٰهُ يَااللّٰهُ يَااللّٰهُ

وَبِنُبُوَّتِكَ يَامُحَمَّدُ يَامُحَمَّدُ يَامُحَمَّدُ

وَبِوَلَايَتِكَ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ يَاعَلِي اَدْرِكْنِی

# دعاے فریدی

يَا دَائِمَ الْفَضْلِ عَلَى الْبَرِيَّةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالْعَطِيَّةِ يَا صَاحِبَ الْمَوَاهِبِ السَّنِيَّةِ يَا دَافِعَ البَلاءِ والبليةِ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّ آلِهِ البَرَرَةِ النَقيّةِ وَ اغْفِرْ لَنَا بِاالعشاءِ و الْعَشِيَّةِ ربَّنَا تَوَفَّنا مُسْلِمِيْنَ وَالحِقْنا بِاالصَالحِين و صَلِّ عَلى جَمِيعِ الأَنْبِياءِ وَ الْمُرْسَلين وَ عَلى المَلَائکةِ المُقرَّبِيْن وَ سَلِّم تَسْلِيماً كَثِيْراً كَثِيْرا برَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْن

اللّٰهم آمِيْن

## پرامن اور کامیاب زندگی کے لیے دس مقدس تسبیحیں۔

حضرت خواجہ سید نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی سلطان المشائخ رحمۃ اللہ علیہ نے دس تسبیحیں فرمائی ہیں جو نماز فجر کے بعد پڑھی جاتی ہیں۔ یہ کسی کی زندگی کی تمام رکاوٹوں، مشکلات اور برائیوں کو دور کرنے کے لیے ہیں۔ یہ کامیابی امن، خوشی اور خوشحالی دیتی ہیں۔

ایک تسبیح ۱۰۰ مرتبہ پڑھی جائے لیکن اگر وقت کم ہو تو ۱۰ عدد کو برابر کرنے کے لیے ۱۰ مرتبہ پڑھ سکتے ہیں (یہ فواد الفواد سے لی گئی ہیں)۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

پہلی:

**لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ، ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ**

دوسری:

سُبۡحَانَ اللّٰهِ، وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ، وَلا إِلَهَ إِلا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكۡبَرُ ● وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الۡعَلِيّ الۡعَظِيۡمِ

تیسری:

سُبۡحَانَ اللهِ وَبِحَمۡدِهِ، سُبۡحَانَ اللهِ الۡعَظِيۡمِ وَبِحَمۡدِهِ، أَسۡتَغۡفِرُ اللهَ مِنۡ كُلِّ ذَنۡبٍ وأَتُوۡبُ إِلَيۡهِ

چوتھی:

أَسۡتَغۡفِرُ اللهَ الَّذِي لاَ إِلَهَ إِلاَّ هُوَ، الحَيُّ القَيُّومُ وَأَسۡأَلُهُ التَّوۡبَةَ أَسۡتَغۡفِرُ اللهَ مِنۡ كُلِّ ذَنۡبٍ أَذۡنَبۡتُهُ عَمَداً أَوۡ خَطَأً، سِرّاً وَّعَلَانِيَةً وَّأَتُوۡبُ إِلَيۡهِ

پانچویں:

سُبۡحَانَ اللهِ الۡمَلِكِ الۡقُدُّوۡسِ، سُبُّوۡحٌ قُدُّوسٌ، رَبُّنَا وَرَبُّ الۡمَلَائِكَةِ وَالرُّوۡحِ

چھٹی:

اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَيْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

ساتویں:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْأَحْيَاءِ مُنْهُمْ وَالْأَمْوَاتِ

آٹھویں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَى جَمِيْعِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

نویں:

أَعُوذُ بِاللَّهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ وَأَعُوذُ بِكَ مِن هَمزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَعوذُ بِكَ ربِّ أَن يَحْضُرُونْ

دسویں:

بِسْمِ اللَّهِ خَيْرِ الأَسْمَاءِ ، بِسْمِ اللَّهِ رَبِّ الأَرْضِ وَالسَّمَاءِ بِسْمِ اللَّهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الأَرْضِ وَلا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

## چودہ شعبان المعظم(شب برأت) کے وظائف

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ ماہ شعبان المعظم بہت ہی برگزیدہ مہینہ ہے اور اس ماہ مبارک کی عبادت کا اللہ تعالیٰ بے حد ثواب عطا فرماتا ہے۔

**شب برأت:** آنحضرت ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ شعبان المعظم کی پندرہویں شب کی عبادت بہت افضل ہے۔

فرمایا: اس شب اللہ پاک اپنے بندوں کے لئے بے شمار دروازے اپنی رحمت کے کھول دیتا ہے اور فرماتا ہے کہ کون ہے جو آج کی شب مجھ سے بخشش طلب کرے اور میں اس کو عذابِ دوزخ سے نجات دے کر اس کی مغفرت کروں۔

آپ نے فرمایا: کہ اس شب کی عبادت کرنے والے پر دوزخ کی آگ اللہ پاک حرام کر دیتا ہے۔

**وظائف:** پندرہویں شب کو سورہ بقرہ کا آخری رکوع **آمن الرسول** سے **کافرین** تک اکیس مرتبہ پڑھنا واسطے امن وسلامتی حفاظت جان ومال فضل۔

**وظائف:** شعبان کی چودہ تاریخ کو بعدِ نماز عصر آفتاب غروب تک باوضو چالیس مرتبہ یہ کلمات پڑھئے "**لاحول ولاقوۃ الاباللہ العلی العظیم**" اللہ پاک اس دعا کے پڑھنے والے کے بائیس سال کے گناہ معاف فرمائے گا۔

**نفل نماز:** شعبان المعظم کی چودہ تاریخ بعد نماز مغرب دو رکعت نماز پڑھیں ہر رکعت میں بعدِ سورہ فاتحہ (**الحمد لِلّٰه**) شریف کے سورہ حشر کی آخری تین آیات ایک مرتبہ اور سورہ اخلاص (**قل ھو اللہ**) شریف تین تین دفعہ پڑھیں، انشاءاللہ تعالی یہ نماز واسطے بخشش گناہ بہت افضل ہے۔

**نفل نماز:** چودہ شعبان المعظم قبل نماز عشاء آٹھ رکعت نماز چار سلام پڑھنی ہے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ (**الحمد لِلّٰه**) شریف کے بعد سورہ اخلاص (**قل**

ھو اللّٰہ) شریف پانچ پانچ مرتبہ پڑھے یہ نماز بھی بخششِ گناہ میں بہت افضل والی ہے انشاء اللہ العظیم۔

**نفل نماز:** شعبان کی پندرہویں شب کو غسل کرے اگر کسی تکلیف کے سبب غسل نہ کرے تو صرف باوضو ہو کر دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ (**الحمد لِلّٰہ**) کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار سورہ اخلاص (**قل ھو اللّٰہ**) شریف تین تین مرتبہ پڑھنی ہے یہ نماز بہت افضل ہے۔

**نفل نماز:** شعبان کی پندرہویں شب دو رکعت نماز پڑھنی ہے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ (**الحمد لِلّٰہ**) شریف کے بعد آیت الکرسی ایک بار سورہ اخلاص (**قل ھواللّٰہ**) شریف پندرہ پندرہ مرتبہ بعد سلام کے درود شریف ایک سو دفعہ پڑھ کر ترقی رزق کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کی باعث رزق میں ترقی ہو جائے گی۔

**نفل نماز:** پندرہویں شب ماہ شعبان آٹھ رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ (**الحمد لِلّٰہ**) شریف کے بعد سورہ قدر (**انا انزلناہُ**

فِي ليلةِ القدر ) ایک ایک بار سورہ اخلاص (قل ھو اللہ ) شریف پچیس مرتبہ پڑھنی ہے واسطے مغفرت گناہ یہ نماز بہت افضل ہے۔

**نفل نماز:** پندرہویں شعبان کو آٹھ رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ (الحمد لِلّٰہ) شریف کے بعد سورہ اخلاص (قل ھو اللّٰہ) شریف دس دس مرتبہ پڑھنی ہے ،اللہ پاک اس نماز کے پڑھنے والے کے بے شمار فرشتے مقرر کرے گا جو اسے عذابِ قبر سے نجات کی اور داخلِ بہشت ہونے کی خوشخبری دیں گے۔

**نفل نماز:** شب پندرہویں چودہ رکعت نماز سات سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ (الحمد لِلّٰہ) شریف کے بعد سورہ کافرون (قُلْ یَآاَیّھَا الکَافِرُون) ایک بار سورہ اخلاص (قل ھو اللہ) شریف ایک بار سور فلق (قُلْ اعوذ بربِ الفلق) ایک بار سورہ ناس (قُلْ اعوذُ بربِ النّاس) ایک بار پڑھنی ہے بعد سلام کے آیت الکرسی ایک دفعہ پھر سورہ توبہ کی آخری

آیات (لقد جاء کم رسول تا عظیم) ایک بار پڑھے واسطے قبولیت دعای خود، دنیاوی ہو یا دینی ہو بہت افضل ہے۔

شب پندرہویں سورہ یٰس تین مرتبہ پڑھنے سے حسب ذیل فائدے ہیں: ترقی رزق، درازی عمر، ناگہانی آفتوں سے محفوظ رہنا انشاء اللہ تعالی۔

**ترکیب صلوۃ التسبیح:** چار رکعت نماز صلوۃ التسبیح ایک سلام سے پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ زلزال ایک مرتبہ پھر حسب ذیل کلمات پندرہ مرتبہ پڑھنے ہیں: "سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلاَّ اللهُ وَاللهُ اَکْبَرْ" پھر رکوع میں جا کر رکوع کی تسبیح کے بعد یہی کلمات دس مرتبہ پڑھے پھر رکوع کے بعد کھڑے ہو کر قومہ کی تسمیع و تحمید کے بعد یہی کلمات دس مرتبہ پڑھے پھر رکوع کے بعد کھڑے ہو قومہ کی تسمیع و تحمید کے بعد دس مرتبہ، پھر سجدہ کی تسبیح کے بعد دس مرتبہ ۔ دونوں سجدوں کے درمیان یہی کلمات دس مرتبہ۔ پھر دوسرے سجدہ میں تسبیح کے بعد دس مرتبہ، پھر سجدہ سے اٹھ کر بیٹھے اور قعدہ میں دس مرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں

سورہ فاتحہ کے بعد سورہ عادیات ایک مرتبہ پڑھ کے پہلی رکعت کی طرح اوپر والے کلمات اسی ترکیب سے پڑھنے ہیں۔

تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ نصر ایک بار پڑھ کر وہی کلمات پڑھے۔ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص ایک بار پڑھ کر انہیں کلمات کو اسی ترکیب سے پڑھیں ۔ دوسری اور چوتھے قعدہ میں بعد التحیات ( تشہد ) کے پڑھنا ہیں ۔ ہر رکعت میں یہ کلمات پچھتّر مرتبہ اور چاروں رکعات میں تین سو مرتبہ یہ کلمات پڑھے جاتے ہیں ۔ یہ نماز شب قدروں میں بھی پڑھنی اصل ہے ۔ انشاء اللہ تعالی اس نماز کے پڑھنے سے اللہ پاک گناہوں کو معاف فرما کر مغفرت فرماتا ہے۔